روزنامہ

ٹیلی فون نمبر:213029

C.P.L 29

الفضل

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 3 اگست 2005ء 26 جمادی الثانی 1426 ہجری 3 ظہور 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 174

دعوت حق

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ اس شخص کو شاداب رکھے جس نے میری بات سنی اور اسے یاد رکھا اوران لوگوں تک پہنچایا جنہوں نے وہ بات مجھ سے نہیں سنی۔ تین باتوں میں مومن کا دل خیانت نہیں کرتا۔ اللہ کیلئے اخلاص سے عمل کرنا۔ اپنے ائمہ کی خیر خواہی کرنا اور جماعت کے ساتھ چمٹے رہنا۔

(جامع ترمذی کتاب العلم باب الحث علیٰ تبلیغ السماع حدیث نمبر:2580)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

13 ویں عالمی بیعت کے تاریخی اور روح پرور مناظر

109 ممالک سے 290 قوموں کی

امسال 2 لاکھ سے زائد سعید روحیں جماعت احمدیہ میں داخل ہوئیں

کل عالم کے کروڑوں احمدیوں نے حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کی اور سجدہ شکر ادا کیا

جماعت احمدیہ برطانیہ کے 39 ویں جلسہ سالانہ منعقدہ مورخہ 31,30,29 جولائی 2005ء بمقام رشمور ارینا (Rushmoor Arena) کے موقع پر 13 ویں عالمی بیعت منعقد ہوئی۔ جلسہ کے تیسرے اور آخری روز پاکستانی وقت کے مطابق سوا پانچ بجے سہ پہر دنیا بھر کے تمام احمدی احباب اپنے پیارے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی قیادت میں عالمی بیعت کے لیے جمع ہوئے۔ حضور انور ایدہ اللہ عالمی بیعت کے لیے تشریف لائے تو جملہ احباب جماعت پہلے ہی قطاروں میں تیار بیٹھے تھے۔ عالمی بیعت کی تقریب میں جلسہ گاہ میں متعدد زبانوں میں بیعت کے الفاظ کا ترجمہ دوہرایا گیا اور احمدیہ ٹیلی ویژن کی وساطت سے دنیا کے 181 ممالک کے احمدیوں نے اپنے نئے بھائیوں کے ساتھ تجدید بیعت کا شرف حاصل کیا۔ جلسہ سالانہ برطانیہ میں شامل 25 ہزار سے زائد احمدی احباب نے خلیفہ وقت کے ہاتھ پر بیعت کی۔ حضور انور جب مردانہ جلسہ گاہ میں تشریف لائے تو آپ نے حضرت مسیح موعود کا مبارک اور تاریخی کوٹ زیب تن فرمایا ہوا تھا۔ حضور انور سٹیج کے سامنے کشادہ جگہ پر رونق افروز ہوئے۔

حضور انور نے اس موقع پر فرمایا کہ امسال 2 لاکھ 9 ہزار 799 بیعتیں حاصل ہوئی ہیں۔ اس کے بعد بیعت کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ حضور انور کے ہاتھ پر مختلف علاقوں کے نومبائعین نے ہاتھ رکھ کر جسمانی رابطہ پیدا کیا اور پھر جلسہ گاہ میں موجود باقی احباب نے ایک دوسرے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر روحانی و جسمانی تعلق بنایا۔ حضور انور نے انگریزی زبان میں بیعت کے الفاظ دوہرائے جبکہ جلسہ گاہ میں موجود مختلف اقوام کے لوگوں کے لیے ساتھ ساتھ ان کی زبانوں میں الفاظ بیعت دوہرانے کا انتظام موجود تھا۔

عالمی بیعت کے اس وجد آفریں منظر کے بعد کل عالم کے احمدیوں نے اپنے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اقتداء میں سجدہ شکر ادا کیا۔ اس طرح سارا جہان احمدیت خدا کے حضور جھک گیا اور احباب جماعت نے اپنے مولیٰ کریم کے ان احسانوں پر اظہار تشکر کیا جو اللہ تعالیٰ نے گزشتہ سالوں میں کروڑوں سعید روحوں کو جماعت احمدیہ میں شامل کر کے کیے ہیں۔ سجدہ شکر کے ساتھ تیرہویں عالمی بیعت کا روح پرور نظارہ اختتام کو پہنچا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے عالمی بیعت کا یہ روحانی سلسلہ جاری فرمایا تھا اور پہلی عالمی بیعت 1993ء میں ہوئی تھی پھر یہ سلسلہ بڑھتا ہی گیا اور دنیا بھر سے مختلف اقوام فوج در فوج اس سلسلہ میں داخل ہوتی چلی گئیں۔

(نمائندہ الفضل ربوہ)

عالمی بیعت کی 13 تاریخ ساز تقاریب

(اعداد و شمار کے آئینہ میں)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ برطانیہ 2005ء کے موقع پر 2 لاکھ سے زائد نومبائعین اور کل عالم کے احمدی احباب سے بیعت لی۔ عالمی بیعت کا یہ عظیم سلسلہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 1993ء میں شروع کیا۔ اس طرح گزشتہ 13 سالوں میں جماعت احمدیہ میں داخل ہونے والوں کی تعداد 16 کروڑ 62 لاکھ 82 ہزار 717 ہوگئی ہے۔ 13 عالمی بیعتوں کا تفصیلی گوشوارہ درج ذیل ہے۔

سال	بیعتیں
2005ء	2,09,799
2004ء	3,04,910
2003ء	8,92,403
2002ء	2,06,54,000
2001ء	8,10,06,721
2000ء	4,13,08,975
1999ء	1,08,20,226
1998ء	50,04,591
1997ء	30,04,585
1996ء	16,02,721
1995ء	8,47,725
1994ء	4,21,753
1993ء	2,04,308
میزان	**16,62,82,717**

خدا کرے کہ دنیا بھر کی سعید روحیں ایمان اور استقامت کی دولت سے مالا مال ہوتی چلی جائیں۔ روزنامہ الفضل 13 ویں عالمی بیعت کے موقع پر تمام احباب جماعت کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہے۔

دلوں کی یہ تسخیر

ورائے تخیل مقام آپ کا ہے
مگر عین دل میں قیام آپ کا ہے

اتر جاتا ہے دل کی گہرائیوں میں
کلام اس میں کیا وہ کلام آپ کا ہے

یہ ہو مرتعش کیوں نہ کون و مکاں میں!
زباں پر خدا کی جو نام آپ کا ہے

بھلا کیوں ہو خوابیدہ ساز بلٰی وہ!
کہ مضراب جس پر پیام آپ کا ہے

ہیں سیراب سب ''العطش'' کہنے والے
خدا جانے کیا چیز جام آپ کا ہے

ہمیں کیوں نہ ہو آرزوئے اسیری
کہ جب دام الفت ہی جام آپ کا ہے

نہیں دید کی تاب کیسے ہوں درشن
یہ مانا کہ دیدار عام آپ کا ہے!

فرشتوں کی کب ہے وہاں تک رسائی
کہ سدرہ سے بھی اونچا بام آپ کا ہے

سکندر کی بھی آنکھ ہے محوِ حیرت
دِلوں کی یہ تسخیر کام آپ کا ہے

اثر آپ کی ہے یہ بانگِ درا کا
سدا قافلہ تیزگام آپ کا ہے!

یہ ارض و سما، چاند تارے، وہ سورج
زِ ''لولاک'' یہ فیضِ عام آپ کا ہے

زہے حسن صورت، زہے حسن سیرت
جو نام آپ کا ہے، وہ کام آپ کا ہے!

ہے نعت آپ کی یا شراب طہورا
عجب کیف آور یہ جام آپ کا ہے

اسی میں ہے اسلاؔم کی سر بلندی
کہ ناچیز بندہ غلام آپ کا ہے

لگی ہے اسے دھن قصائد ترے کی
کہ یہ مدح خواں صبح و شام آپ کا ہے

اگر آپ اس کے ہیں محبوب کامل
تو یہ عاشق ناتمام آپ کا ہے

عبدالسلام اسلامؔ

امتحان وظائف لجنہ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ پاکستان کے تحت منعقد ہونے والے دونوں وظائف

(i) وظیفہ حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ

(ii) وظیفہ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ

کا امتحان مورخہ 7/اگست 2005ء کو 9 بجے صبح لجنہ ہال میں منعقد ہوگا۔ تمام مجالس جن کی ممبرات امتحان دے رہی ہوں مقررہ تاریخ پر انہیں بھجوانے کا انتظام فرمائیں۔

(سیکرٹری تعلیم لجنہ اماء اللہ پاکستان)

سالانہ درس القرآن کلاس

11 تا 24 جولائی 2005ء منعقد ہونے والی اس کلاس میں ملک بھر سے آئے ہوئے احمدی طلباء طالبات کو محض دینی اغراض کیلئے مرکز سلسلہ میں قیام کر کے علم دین سیکھنے اور باہم متعارف ہونے کا موقعہ ملا۔

11 جولائی کو کلاس کا افتتاح محترم ملک خالد مسعود صاحب ناظر امور عامہ نے مختصر خطاب اور دعا کے ساتھ فرمایا۔ بعدازاں منتظم اعلیٰ کلاس محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن نے کلاس کا تعارف غرض وغایت بیان فرما کر طلباء کو کلاس سے بھرپور استفادہ کرنے کی نصائح فرمائیں۔

کلاس کی مشاورتی کمیٹی نے امسال طلباء و طالبات کا ٹارگٹ 400 مقرر کیا تھا اور امراء اضلاع سے یہ ٹارگٹ اس رنگ میں پورا کرنے کی درخواست کی تھی کہ انصار، خدام اور لجنات چن کر نمائندگی کیلئے بھجوائے جائیں۔ چنانچہ امسال 37 اضلاع نے اپنے نمائندگان بھجوائے جبکہ پچھلے سال 25 اضلاع نے اپنے نمائندگان بھجوائے تھے اور کلاس میں شرکت کرنے والوں کی تعداد ٹارگٹ سے بڑھ کر 412 ہو گئی۔

کلاس کے نصاب میں قرآن کریم مع صحت تلفظ، قرآن کریم با ترجمہ، منتخب احادیث، عربی قواعد اور کلام کے مضامین رکھے گئے تھے، ایک پیریڈ سوال وجواب اور علمی تقاریر کا بھی تھا۔

تدریس کیلئے جامعہ احمدیہ کے اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی تھیں اور علمی تقاریر کیلئے علمائے سلسلہ کو مدعو کیا گیا تھا۔

23 جولائی کو جملہ طلباء وطالبات کا امتحان لیا گیا جس میں اول دوم اور سوم آنے والے طلباء وطالبات کو انعامات دیئے گئے۔ طلباء کیلئے جامعہ احمدیہ اور ایوان محمود میں اور طالبات کیلئے لجنہ اماء اللہ کے احاطہ میں کھیلوں کا انتظام کیا گیا تھا۔ مورخہ 24 جولائی 2005ء کو محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر خدمت درویشان نے پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم فرمائے اور دلنشیں انداز میں الوداعی خطاب فرمایا جبکہ طالبات میں صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان کی نمائندہ نے انعامات تقسیم کئے۔ دعا کے ساتھ اس بابرکت کلاس کا اختتام ہوا مکرم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر خدمت درویشاں نے کرائی۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت چار روپے

قرآن کریم کی روشنی میں سفر کے مختلف پہلوؤں کا جامع بیان

سفر کی ترغیب، ذرائع، مقاصد، عظیم سفر اور جدید ذرائع سفر کی پیشگوئیاں

عبدالسمیع خان

سفر کی ترغیب

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

اور اللہ نے زمین کو تمہارے لئے بچھایا ہوا بنایا تا کہ تم اس کی کشادہ راہوں پر چلو پھرو۔

(سورۃ نوح 21,20)

وہی ہے جس نے زمین کو تمہارے ماتحت کر دیا پس اس کے راستوں پر چلو اور اس (یعنی اللہ) کے رزق میں سے کھاؤ اور اسی کی طرف اٹھایا جانا ہے۔

(سورۃ الملک:16)

خشکی کا سفر

وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا اور تمہاری خاطر اس میں کئی راستے جاری کئے۔

(سورۃ طٰہٰ:54)

جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا اور تمہاری خاطر اس میں رستے بنائے تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

(سورۃ الزخرف:11)

اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تا کہ تمہارے لئے کھانے کا سامان مہیا کریں اور دریا اور راستے بھی تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

(سورۃ النحل:16)

سمندری سفر

وہی ہے جو تمہیں خشکی پر بھی چلاتا ہے اور تری میں بھی یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور وہ خوشگوار ہواؤں کی مدد سے انہیں لئے ہوئے چلتی ہیں اور وہ اس سے بہت خوش ہوتے ہیں تو اچانک سخت تیز ہوا انہیں آ لیتی ہے اور موج ہر طرف سے ان کی طرف بڑھتی ہے اور وہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ وہ گھیر لئے گئے ہیں، تب وہ اللہ کو پکارتے ہیں دین کو اسی کے لئے خالص کرتے ہوئے کہ اگر تو ہمیں اس سے نجات دے دے تو یقیناً ہم شکر گزاروں میں سے ہو جائیں گے۔

پس جب وہ انہیں نجات دے دیتا ہے تو وہ زمین میں ناحق بغاوت کرنے لگتے ہیں۔ اے لوگو! یقیناً تمہاری بغاوت تمہارے اپنے ہی خلاف ہے۔ (تمہیں) دنیا کی زندگی کا تھوڑا سا فائدہ اٹھانا ہے پھر ہماری طرف ہی تمہارا لوٹ کر آنا ہے۔ پھر ہم تمہیں ان اعمال کی خبر دیں گے جو تم کیا کرتے تھے۔

(سورۃ یونس:24,23)

اور وہی ہے جس نے سمندر کو مسخر کیا تا کہ تم اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس میں سے تم زینت کی چیزیں نکالو جنہیں تم پہنتے ہو۔ اور تو کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ وہ اس میں پانی کو چیرتی ہوئی چلتی ہیں اور تا کہ تم اس کے فضل کو تلاش کرو اور تا کہ تم شکر کرو۔

(سورۃ النحل:15)

اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعہ کئی پھل نکالے (جو) تمہارے لئے رزق کے طور پر (ہیں)۔ اور تمہارے لئے کشتیاں مسخر کیں تا کہ وہ اس کے حکم سے سمندر میں چلیں اور تمہارے لئے دریاؤں کو مسخر کر دیا۔ (سورۃ ابراہیم:33)

اور دو سمندر ایک ہی جیسے نہیں ہو سکتے۔ یہ خوب میٹھے پانی والا ہے۔ اس کا پینا خوش ذائقہ اور خوشگوار ہے اور یہ سخت نمکین (اور) کھارا ہے اور تم سبھی سے تازہ گوشت کھاتے ہو اور زینت کے وہ سامان نکالتے ہو جنہیں تم پہنتے ہو۔ اور تو اس میں کشتیوں کو دیکھے گا کہ وہ (پانی کو) پھاڑتے ہوئے چلتی ہیں (یہ نظام اس لئے ہے) تا کہ تم اس کے فضل میں سے کچھ تلاش کرو اور تا کہ تم شکر ادا کرو۔ (سورۃ فاطر:13)

تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے سمندر میں کشتیاں چلاتا ہے تا کہ تم اس کے فضلوں کی تلاش کرو۔ یقیناً وہ تمہارے حق میں بار بار رحم کرنے والا ہے۔

اور جب تمہیں سمندر میں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اس کے سوا ہر وہ ذات جسے تم بلاتے ہو ساتھ چھوڑ جاتی ہے۔ پھر جب وہ تمہیں خشکی کی طرف بچا کر لے جاتا ہے تو تم (اس سے) اعراض کرتے ہو۔ اور انسان بہت ہی ناشکرا ہے۔

پس کیا تم اس بات سے امن میں ہو کہ وہ تمہیں خشکی کے کنارے لے جا کر دھنسا دے یا تم پر تیز جھکڑ چلائے پھر تم اپنے لئے کوئی کارساز نہ پاؤ۔

یا کیا تم امن میں ہو کہ وہ تمہیں اسی میں دوبارہ لوٹا دے اور پھر تم پر تند و تیز ہوائیں چلائے اور تمہیں تمہاری ناشکریوں کی وجہ سے غرق کر دے۔ پھر تم ہمارے خلاف اپنی خاطر اس کا کوئی بدلہ لینے والا نہ پاؤ۔ (سورۃ بنی اسرائیل:67 تا 70)

سمندری شکار

تمہارے لئے سمندری شکار اور اس کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے۔ یہ تمہارے اور مسافروں کے فائدہ کے لئے ہے۔ (سورۃ المائدہ:97)

ذرائع سفر

اور یقیناً ہم نے ابنائے آدم کو عزت دی اور انہیں خشکی اور تری میں سواری عطا کی اور انہیں پاکیزہ چیزوں میں سے رزق دیا اور اکثر چیزوں پر جو ہم نے پیدا کیں انہیں بہت فضیلت بخشی۔

(سورۃ بنی اسرائیل:71)

چوپائے اور کشتیاں

اور چوپایوں میں سے لادو اور سواری والے (پیدا کئے)۔ اس میں سے کھاؤ جو اللہ نے تمہیں رزق عطا کیا ہے اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو یقیناً وہ تمہارا کھلا کھلا دشمن ہے۔ (سورۃ النساء:143)

اور مویشیوں کو بھی اس نے پیدا کیا...... اور وہ تمہارے بوجھ اٹھائے ہوئے ایسی بستی کی طرف چلتے ہیں جسے تم جانوں کو مشقت میں ڈالے بغیر نہیں پہنچ سکتے۔ یقیناً تمہارا رب بہت ہی مہربان اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔

اور گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کئے) تا کہ تم ان پر سواری کرو اور (وہ) بطور زینت (بھی) ہوں۔

(سورۃ النحل:6 تا 9)

اور یقیناً تمہارے لئے چوپایوں میں ایک سبق ہے۔ ہم تمہیں اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے پلاتے ہیں۔ اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فوائد ہیں اور انہی میں سے کچھ تم کھاتے بھی ہو۔

اور ان پر اور کشتیوں پر بھی تم سوار کئے جاتے ہو۔

(سورۃ المومنون:23,22)

اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے مویشی بنائے تا کہ تم ان میں سے بعض پر سواری کرو اور انہی میں سے بعض کو تم کھانے کے استعمال میں لاتے ہو۔

اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فوائد ہیں اور تا کہ تم ان پر سوار ہو کر اپنی اس مراد تک پہنچو جو تمہارے سینوں میں ہے اور ان پر نیز کشتیوں پر تم اٹھائے جاتے ہو۔ (سورۃ المومنون:81,80)

ستاروں سے رہنمائی

اور بہت سے رہنمائی کرنے والے نشان اور وہ ستاروں سے بھی رہنمائی لیتے ہیں۔

(سورۃ النحل:17)

سفر کی دعا

اور وہ جس نے ہر قسم کے جوڑے بنائے اور تمہارے لئے قسم قسم کی کشتیاں اور چوپائے بنائے۔ جن پر تم سواری کرتے ہو۔

تا کہ تم ان کی پیٹھوں پر جم کر بیٹھ سکو۔ پھر جب تم ان پر اچھی طرح قرار پکڑ لو تو اپنے رب کی نعمت کا تذکرہ کرو اور کہو پاک ہے وہ جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کیا اور ہم اسے زیرنگیں کرنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔

اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ (سورۃ الزخرف:13 تا 15)

سفر حج

اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دے وہ تیرے پاس پا پیادہ آئیں گے اور ہر ایسی سواری پر بھی جو لمبے سفر کی تکان سے دبلی ہو گئی ہو۔ وہ (سواریاں اور چیزیں) ہر گہرے اور دور کے رستے سے آئیں گی۔

(سورۃ الحج:28)

تم پر کوئی گناہ تو نہیں کہ تم اپنے رب سے فضل چاہو۔ پس جب تم عرفات سے لوٹو تو مشعر حرام کے پاس اللہ کا ذکر کرو۔

اور اس کو اسی طرح یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں ہدایت کی ہے۔ اور اس سے پہلے تم یقیناً گمراہوں میں سے تھے۔

پھر تم (بھی) وہاں سے لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں۔ اور اللہ سے بخشش مانگو۔ یقیناً اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

(سورۃ البقرہ:200,199)

اللہ کی طرف ہجرت

اور جو اللہ کی راہ میں ہجرت کرے تو وہ زمین میں (دشمن کو) نامراد کرنے کے بہت سے مواقع اور فراخی پائے گا۔ اور جو اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلتا ہے پھر (اس حالت میں) اسے موت آ جاتی ہے تو اس کا اجر اللہ پر فرض ہو گیا ہے۔ اور اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔ (سورۃ النساء:101)

رسول اللہ کے تبلیغی سفر

ہم نے تیری طرف عربی قرآن وحی کیا تا کہ تو بستیوں کی ماں کو اور جو اس کے اردگرد ہیں ڈرائے اور تو ایسے اجتماع کے دن سے ڈرائے جس میں کوئی شک نہیں۔

(سورۃ الشوریٰ:8)

سفر معراج

وہ بلند ترین افق پر تھا پھر وہ نزدیک ہوا پھر وہ نیچے اتر آیا پس وہ دو قوسوں کے وتر کی طرح ہو گیا یا اس سے بھی قریب تر...... وہ اسے ایک اور کیفیت میں بھی دیکھ چکا ہے۔ آخری حد پر واقع بیری کے پاس اس کے قریب ہی پناہ دینے والی جنت ہے۔

(سورۃ النجم:8 تا10،14 تا16)

سفر اسراء

پاک ہے وہ جو رات کے وقت اپنے بندے کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کی طرف لے گیا جس کے ماحول کو ہم نے برکت دی ہے۔ تاکہ ہم اسے اپنے نشانات میں سے کچھ دکھائیں۔ یقیناً وہ بہت سننے والا (اور) گہری نظر رکھنے والا ہے۔

(سورۃ بنی اسرائیل:2)

رسول اللہ ﷺ کی ہجرت مدینہ

اگر تم اس (رسول) کی مدد نہ بھی کرو تو اللہ (پہلے بھی) اس کی مدد کر چکا ہے جب اسے ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا (وطن سے) نکال دیا تھا اس حال میں کہ وہ دو میں سے ایک تھا۔ جب وہ دونوں غار میں تھے۔ اور وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ غم نہ کر یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ پس اللہ نے اس پر اپنی سکینت نازل کی اور اس کی ایسے لشکروں سے مدد کی جن کو تم نے کبھی نہیں دیکھا۔ اور اس نے ان لوگوں کی بات نیچی کر دکھائی جنہوں نے کفر کیا تھا۔ اور بات اللہ ہی کی غالب ہوتی ہے اور اللہ کامل غلبہ والا (اور) بہت حکمت والا ہے۔ (سورۃ التوبہ:40)

سفر ہجرت کے لئے دعا

اور تو کہہ اے میرے رب! مجھے اس طرح داخل کر کہ میرا داخل ہونا سچائی کے ساتھ ہو اور مجھے اس طرح نکال کہ میرا نکلنا سچائی کے ساتھ ہو اور اپنی جناب سے میرے لئے طاقتور مددگار عطا کر۔

(سورۃ بنی اسرائیل:81)

خدمت دین کا سفر

نکل کھڑے ہو ہلکے بھی اور بھاری بھی اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرو۔ یہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

(سورۃ التوبہ:41)

مومنوں میں سے بغیر کسی بیماری کے گھر بیٹھ رہنے والے اور (دوسرے) اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور جانوں کے ذریعہ جہاد کرنے والے برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ نے اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ذریعہ جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر ایک نمایاں مرتبہ عطا کیا ہے۔ جبکہ ہر ایک سے اللہ نے بھلائی کا ہی وعدہ کیا ہے۔ اور اللہ نے مجاہدین کو بیٹھ رہنے والوں پر ایک اجر عظیم کی فضیلت عطا کی ہے۔ (سورۃ النساء:96)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہیں کیا ہو جاتا ہے جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لئے) نکلو تو تم بوجھل بن کر زمین کی طرف جھک جاتے ہو۔ کیا تم آخرت کی نسبت دنیا کی زندگی سے راضی ہو گئے ہو؟ پس دنیا کی زندگی کی متاع آخرت میں کچھ (ثابت) نہ ہوگی مگر بہت تھوڑی۔

اگر تم (جہاد کے لئے) نہ نکلو گے تو وہ تمہیں ایک دردناک عذاب دے گا اور تمہاری بجائے ایک اور قوم تبدیل کر لائے گا اور تم (یعنی اللہ کو) کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکو گے۔ اور اللہ ہر چیز پر جسے وہ چاہے دائمی قدرت رکھتا ہے۔ (سورۃ التوبہ:39,38)

سفر کی تیاری

اگر ان کا (جہاد پر) نکلنے کا ارادہ ہوتا تو وہ ضرور اس کی تیاری بھی کرتے لیکن اللہ نے پسند ہی نہیں کیا کہ وہ (اس اعلیٰ مقصد کے لئے) اٹھ کھڑے ہوں اور اس نے انہیں (وہیں) پڑا رہنے دیا اور (انہیں) کہا گیا بیٹھے رہو بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ۔

(سورۃ التوبہ:46)

داعیان الی اللہ کا سفر

(یہ قرآن ایسے) صحیفوں میں ہے، (جو) عزت والے، بلند شان اور پاک ہیں۔

وہ (صحیفے لکھنے والوں اور دور دور) سفر کرنے والوں کے ہاتھوں میں (ہیں) (ایسے لوگوں کے ہاتھوں میں) جو معزز ہیں اور اعلیٰ درجہ کے نیکوکار ہیں۔

(سورۃ عبس:14 تا17)

صحابہؓ کے تکلیف دہ سفر

اور نہ ان لوگوں پر کوئی حرف ہے کہ جب وہ تیرے پاس آتے ہیں تاکہ تو انہیں (جہاد کے لئے ساتھ) کسی سواری پر بٹھالے تو تو انہیں جواب دیتا ہے میں تو کچھ نہیں پاتا جس پر تمہیں سوار کر سکوں۔ اس پر وہ اس حال میں واپس ہوتے ہیں کہ ان کی آنکھیں اس غم میں آنسو بہا رہی ہوتی ہیں کہ وہ کچھ نہیں رکھتے جسے (راہ مولیٰ میں) خرچ کر سکیں۔

(سورۃ التوبہ:92)

علم دین سیکھنے کے لئے مرکز آمد

مومنوں کے لئے ممکن نہیں کہ وہ تمام کے تمام اکٹھے نکل کھڑے ہوں۔ پس ایسا کیوں نہیں ہوتا کہ ان کے ہر فرقہ میں سے ایک گروہ نکل کھڑا ہوتا کہ وہ دین کا فہم حاصل کریں اور وہ اپنی قوم کو خبردار کریں جب وہ ان کی طرف واپس لوٹیں تاکہ شاید وہ (ہلاکت سے) بچ جائیں۔ (سورۃ التوبہ:122)

للّٰہی سفر کی برکات

انہیں اللہ کی راہ میں کوئی پیاس اور کوئی مشقت اور کوئی بھوک کی مصیبت نہیں پہنچتی اور نہ ہی وہ ایسے رستوں پر چلتے ہیں جن پر (ان کا) چلنا کفار کو غصہ دلاتا ہے اور نہ ہی وہ دشمن سے (دوران قتال) کچھ حاصل کرتے ہیں مگر ضرور اس کے بدلے ان کے حق میں ایک نیک عمل لکھ دیا جاتا ہے۔ اللہ احسان کرنے والوں کا اجر ہرگز ضائع نہیں کرتا۔

اسی طرح وہ نہ کوئی چھوٹا خرچ کرتے ہیں اور نہ کوئی بڑا اور نہ ہی کسی وادی کی مسافت طے کرتے ہیں مگر (یہ فعل) ان کے حق میں لکھ دیا جاتا ہے تاکہ جو بہترین اعمال وہ کیا کرتے تھے اللہ انہیں ان کے مطابق جزا دے۔ (سورۃ التوبہ:121,120)

مکذبین کا انجام دیکھنے کا سفر

یقیناً تم سے پہلے کئی سنتیں گزر چکی ہیں۔ پس زمین میں سیر کرو اور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا تھا۔ (سورۃ آل عمران:138)

اور کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی تاکہ وہ غور کر سکتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے۔ وہ قوت میں ان سے زیادہ شدید تھے اور انہوں نے زمین کو پھاڑا اور اسے اس سے زیادہ آباد کیا تھا۔ جیسا انہوں نے اسے آباد کیا ہے اور ان کے پاس بھی ان کے رسول کھلے کھلے نشان لے کر آئے تھے۔ پس اللہ ایسا نہیں کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ (سورۃ الروم:10)

چھان بین کر لیا کرو

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم اللہ کی راہ میں سفر کر رہے ہو تو اچھی طرح چھان بین کر لیا کرو اور جو تم پر سلام بھیجے اس سے یہ نہ کہا کرو کہ تو مومن نہیں ہے۔ تم دنیاوی زندگی کے اموال چاہتے ہو تو اللہ کے پاس غنیمت کے کثیر سامان ہیں۔ اس سے پہلے تم اسی طرح ہوا کرتے تھے پھر اللہ نے تم پر فضل کیا۔ پس خوب چھان بین کر لیا کرو۔ یقیناً اللہ اس سے جو تم کرتے ہو بہت باخبر ہے۔ (سورۃ النساء:95)

حفاظتی سامان

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے بچاؤ کا سامان رکھا کرو۔ پھر خواہ چھوٹے چھوٹے گروہوں میں نکلو یا بڑی جمعیت کی صورت میں۔

(سورۃ النساء:72)

سفر میں نماز

اور جب تم زمین میں (جہاد کرتے ہوئے) سفر پر نکلو تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم نماز قصر کر لیا کرو، اگر تمہیں خوف ہو کہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ہے تمہیں آزمائش میں ڈالیں گے۔ یقیناً کافر تمہارے کھلے کھلے دشمن ہیں۔ (سورۃ النساء:102)

نماز خوف کا طریق

اور جب تو بھی ان میں ہو اور تو انہیں نماز پڑھائے تو ان میں سے ایک گروہ (نماز کے لئے) تیرے ساتھ کھڑا ہو جائے۔ اور چاہئے کہ وہ (مجاہدین) اپنا اسلحہ ساتھ رکھیں۔ پس جب وہ سجدہ کر لیں تو وہ تمہارے پیچھے ہو جائیں اور دوسرا گروہ آجائے جنہوں نے نماز نہیں پڑھی پھر وہ تیرے ساتھ نماز پڑھیں اور وہ اپنے بچاؤ کے سامان اور ہتھیار ساتھ رکھیں۔ جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ چاہتے ہیں کہ کاش تم اپنے ہتھیاروں اور سامان سے غافل ہو جاؤ تو وہ دفعتہً تم پر ٹوٹ پڑیں۔ اور اگر تمہیں بارش کی وجہ سے کوئی مشکل ہو یا تم بیمار ہو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ اپنے ہتھیار اتار دو اور اپنا بچاؤ (بہرحال) اختیار کئے رکھو۔ یقیناً اللہ نے کافروں کے لئے بہت رسوا کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(سورۃ النساء:103)

سفر میں تیمّم

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم نماز کے قریب نہ جاؤ جب تم پر مدہوشی کی کیفیت ہو۔ یہاں تک کہ اس قابل ہو جاؤ کہ تمہیں علم ہو کہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ اور نہ ہی جنبی ہونے کی حالت میں (نماز کے قریب جاؤ) یہاں تک کہ نہا لو سوائے اس کے کہ تم مسافر ہو۔ اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر ہو یا تم میں سے کوئی طبعی حوائج سے فارغ ہوا ہو یا تم نے عورتوں سے تعلق قائم کیا ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو خشک پاک مٹی سے تیمّم کر لیا کرو۔ سو تم اپنے چہروں پر اور ہاتھوں پر مسح کرو۔ یقیناً اللہ بہت درگزر کرنے والا (اور) بہت بخشنے والا ہے۔

(سورۃ النساء:44)

سفر میں روزہ

گنتی کے چند دن ہیں۔ پس جو بھی تم میں سے مریض ہو یا سفر پر ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اتنی مدت کے روزے دوسرے ایام میں پورے کرے۔

(البقرہ:185)

جدید ذرائع سفر کی پیشگوئی

اللہ تعالیٰ گھوڑے، خچر اور گدھے کے ذکر کے بعد فرماتا ہے:۔

وہ (تمہارے لئے) وہ بھی پیدا کرے گا جسے تم نہیں جانتے۔ (سورۃ النحل:9)

اور ان کے لئے یہ بھی ایک نشان ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو ایک بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔

اور ہم ان کے لئے ویسی ہی اور (سواریاں) بنائیں گے جن پر وہ سوار ہوا کریں گے۔

(سورۃ یٰسٓ:43,42)

مشینی سواریاں

اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں بغیر کسی نگرانی کے چھوڑ دی جائیں گی۔

اور جب وحشی اکٹھے کئے جائیں گے۔

اور جب سمندر پھاڑے جائیں گے۔

اور جب نفوس ملا دیئے جائیں گے۔
(سورۃ التکویر 5 تا 8)
اور جب سمندر پھاڑے جائیں گے۔
(الانفطار:4)

جنگی طیارے اوران سے پمفلٹ گرانا

قطار در قطار صف بندی کرنے والی (فوجوں) کی قسم پھران کی جوللکارتے ہوئے ڈپٹنے والیاں ہیں پھر ذکر بلند کرنے والیوں کی۔
(سورۃ الصافات:2 تا 4)

آبدوزیں

قسم ہے ڈوب کر کھینچنے والیوں کی (یا) ڈبونے کی خاطر کھینچنے والیوں کی۔
اور بہت خوشی منانے والیوں کی۔
اور خوب تیرنے والیوں کی۔
پھر ایک دوسری پر سبقت لے جانے والیوں کی۔
پھر کسی اہم کام کے منصوبے بنانے والیوں کی۔
(سورۃ النازعات:2 تا 6)

سمندری جہاز

اور اسی کی (صنعت) وہ کشتیاں ہیں جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح بلند کی جائیں گی۔
(سورۃ الرحمٰن:25)

سمندری سفر میں طوالت میں کمی

وہ دو سمندروں کو ملا دے گا جو بڑھ بڑھ کر ایک دوسرے سے ملیں گے (سردست) ان کے درمیان ایک روک ہے (جس سے) وہ تجاوز نہیں کر سکتے۔
(سورۃ الرحمٰن:21,20)

اور وہی ہے جو دو سمندروں کو ملا دے گا یہ بہت میٹھا اور سخت کھارا (اور) کڑوا ہے اور اس نے ان دونوں کے درمیان (سردست) ایک جدائی ڈال رکھی ہے جو پاٹی نہیں جاسکتی۔ (سورۃ الفرقان:54)

زمین کی وسعت

اور جب زمین کشادہ کردی جائے گی اور جو کچھ اس میں ہے نکال پھینکے گی اور خالی ہو جائے گی۔
(سورۃ الانشقاق:5,4)

وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا رب ہے پس اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کا انکار کروگے۔ (سورۃ الرحمٰن:19,18)

بیرونی دنیا کا سفر

اے جن وانس کے گروہ اگر تم استطاعت رکھتے ہو کہ آسمان اور زمین کی حدود سے باہر نکل سکو تو نکل جاؤ۔ تم نہیں نکل سکو گے مگر ایک غالب استدلال کے ذریعہ۔
(سورۃ الرحمٰن:34)

بیرونی مخلوق سے رابطہ

اور اس کے نشانات میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے اور جو اس نے ان دونوں میں چلنے پھرنے والے جاندار پھیلا دیئے ہیں اور وہ انہیں اکٹھا کرنے پر خوب قادر ہے جب وہ چاہے گا۔
(سورۃ الشوریٰ:30)

تحریر: زینب محمود صاحبہ ...... انگریزی سے ترجمہ: محمد زکریا ورک صاحب

روحانی اقدار کے علمبردار ایک صوفی سائنسدان

محترم ڈاکٹر محمد عبدالسلام صاحب

جھنگ کی کسان فیملی سے تعلق رکھنے والے اس شخص سے تو ہر کوئی واقفیت رکھتا ہے جو دنیا کے نامور سائنسدان کے طور پر مشہور ہوا۔ 1925ء میں جھنگ کے ایک معتبر شخص کو اس کی دعاؤں کے عوض خواب میں اس کی گود میں ایک بچہ رکھ دیا گیا۔ اس نے بچے کا نام پوچھا تو بتلایا گیا کہ اس کا نام عبدالسلام ہے۔ جمعہ 29 جنوری 1926ء کے روز اس کے ہاں ایک لڑکا تولد ہوا اور اس نے اس کا نام عبدالسلام ہی رکھا۔ کچھ سالوں بعد اس بزرگ شخص نے ایک اور خواب میں سلام کو درخت پر چڑھتے ہوئے دیکھا۔ جب اس نے بچے کو خطرے سے آگاہ کیا تو سلام نے جواب دیا: ابا جان آپ متفکر ہرگز نہ ہوں مجھے خوب معلوم ہے میں کیا کر رہا ہوں یہ کہہ کر سلام درخت پر مزید چڑھتا گیا حتیٰ کہ وہ نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ یہ کشف شائد اس غیر معمولی زندگی کے بارہ میں اشارے تھے جو اس بچہ کی قسمت میں مقدر تھی۔

سن بلوغت میں ہی سلام کی قوت ادراک نے اس کے والدین کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا تھا۔ سلام نے ابھی چلنا بھی نہیں شروع کیا تھا کہ اس کی والدہ نے اسے اخلاقی کہانیاں سنانی شروع کردیں۔ اس نے ان کہانیوں کا ایک ایک لفظ حفظ کر لیا اور جب کبھی اس کی والدہ ان کہانیوں میں سے کوئی کہانی دوبارہ سنانا چاہتی تو سلام فوراً کہہ دیتا مجھے یہ کہانی خوب یاد ہے۔ سلام نے جب زندگی کے چھٹے زینہ پر قدم رکھا تو اس کو سکول میں چوتھی جماعت میں داخل کیا گیا۔ جب وہ بارہ سال کی عمر کو پہنچا تو اس نے میٹرک کا امتحان دیا اور پنجاب یونیورسٹی میں اول پوزیشن حاصل کر کے تمام پرانے ریکارڈ توڑ دیئے۔

سلام نے گورنمنٹ کالج لاہور میں گریجوئیٹ کی ڈگری حاصل کرنے کے لئے داخلہ لیا جہاں اسے راوی میگزین کا ایڈیٹر بنادیا گیا۔ جلد ہی وہ سٹوڈنٹ یونین کا صدر منتخب ہو گیا۔ چوتھے سال میں سلام نے (ہندوستان کے ممتاز ریاضی دان) سری نو اس رامانوجن کے ریاضیکے ایک دقیق مسئلہ کا نہایت خوبصورت اور مختصر حل پیش کیا جسے اس سے قبل بڑے بڑے پروفیسر حل نہ کر سکے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی میں اس نے بی اے اور ایم اے کے امتحانوں میں پرانے تعلیمی ریکارڈ توڑ کر نئے ریکارڈ قائم کئے جن میں سے بعض ابھی تک قائم ہیں۔ اس کے بعد سلام نے کیمبرج میں ریاضی میں انڈر گریجوئیٹ پروگرام میں داخلہ حاصل کرنے کے لئے درخواست دائر کردی۔ اس کے والد ماجد غیر ملک میں اس کی تعلیم کے لئے مالی طور پر متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔ خوش قسمتی سے اس دور کے حکومت پنجاب کے ریونیومنسٹر سر چھوٹو رام جو خود ایک کسان فیملی سے تعلق رکھتے تھے انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ فنڈز جو جنگ عظیم میں استعمال کے لئے اکٹھے کئے گئے تھے وہ اب کسان فیملیوں کے ہونہار طلباء کے سکالرشپ کے لئے استعمال کئے جائیں۔

کیمبرج میں سلام کو احساس ہوا کہ اس کا علم دوسرے علوم کے بارہ میں قدرے محدود تھا، جس کے بارہ میں رومی نے ایک نظم میں اشارہ کیا تھا یعنی کنویں کا مینڈک۔ چنانچہ اس نے یہاں بھوکے انسان کی طرح کتابوں کا مطالعہ مختلف موضوعات پر شروع کر دیا جیسے صوفی ازم۔ فلاسفی۔ سیاسی و مذہبی تاریخ۔ سوشل سائنس۔ مسلمان سائنسدانوں کے کارنامے۔ صوفیاء اور دوسرے سائنسدانوں کے حالات زندگی۔ اس چیز نے اس کو اپنی پسندیدہ فیلڈ میں کامیابی حاصل کرنے میں بہت مدد کی۔ نیز اس چیز نے اس کے اندر تاریخ اور روحانی زندگی کے بارہ میں زبردست احساس کو جنم دیا۔ ریاضی میں ٹرائی پوز کی ڈگری (جس میں اسے Wrangler کے ٹائٹل سے نوازا گیا تھا) جلد حاصل کرنے کے ساتھ اس نے فزکس کی تین سال کی ڈگری ایک سال میں حاصل کر لی۔ چونکہ اس کے تھیورٹیکل پیپرز اعلیٰ قابلیت کے تھے اس لئے اس کے پروفیسر نے اس سے عملی تجربات کے بارہ میں استفسار کرنا ضروری نہ جانا اور اسے فرسٹ کلاس کی ڈگری دے دی۔

سلام کے ایک پروفیسر سر فریڈرک ہوئیل (Hoyle) نے اس کے بارہ میں کہا تھا: ''برے اوقات میں میرے لئے یہ کام زیادہ بوجھل نہ ہوتا تھا جب میں عبدالسلام جیسے طالب علم کے ساتھ (ریاضی کے) گھمبیر مسائل میں گم ہو جاتا تھا۔ بہ نسبت ایسے طلباء کے جو (کلاس) میں یوں ہی بیٹھے رہتے اور کھڑکی سے باہر دور فضا میں ٹکٹکی لگائے دیکھ رہے ہوتے مؤخرالذکر طلباء کے ساتھ گویا انسان کو دو بھاری پتھر اونچائی کی طرف لے جانے ہوتے تھے ایک بھاری پتھر تو وہ ریاضی کا اصل مسئلہ ہوتا تھا اور دوسرا کند ذہن طالب علم کو وہ مسئلہ سمجھانا ہوتا تھا۔ عبدالسلام کے ساتھ انسان کو صرف ایک پتھر اونچائی کی طرف لے جانا ہوتا تھا کیونکہ وہ خود اس پتھر کو پوری قوت و استعداد کے ساتھ دھکیلتا تھا''۔

سلام نے پی ایچ ڈی کی ڈگری تھیوریٹیکل فزکس میں 1952ء میں حاصل کر لی۔ باوجود اس کے کہ اسے (کیمبرج میں) وظیفہ کی پیش کش کی گئی تھی اس نے گورنمنٹ کالج لاہور میں تدریس کے کام کو ترجیح دی۔ پروفیسر کیمر جو سلام کا ریسرچ سپروائزر تھا نے بالآخر سلام کو قائل کر لیا کہ وہ واپس کیمبرج لوٹ آئے۔ پروفیسر موصوف کے مطابق: ''مجھے خوب احساس ہے کہ جب اسے لیکچرار کی ملازمت کی پیش کش کی گئی تو اپنے وطن کی خدمت کی ذمہ داری کے پیش نظر اس کے لئے اس کا قبول کرنا کافی مشکل تھا۔ میرے خیال میں چند ہی سالوں میں وہ اس قابل ہو جائے گا کہ ایڈوانس سٹوڈنٹس دنیا بھر سے اس سے تعلیم حاصل کرنے کے لئے آئیں گے اور وہ جلد ہی اپنا سکول آف تھیورٹیکل فزکس قائم کر لے گا۔'' یہ پیش گوئی حرف بہ حرف پوری ہوئی۔

1957ء میں سلام امپیریل کالج میں سب سے چھوٹی عمر کا پروفیسر مقرر ہوا۔ سلام جس نے اپنی زندگی ایک دیہاتی بچے کے رنگ میں شروع کی تھی اور جس نے بجلی اس وقت دیکھی تھی جب وہ سولہ سال کا تھا کیمبرج آنے پر اس کا تعلق اس دور کے چند عظیم انسانوں سے قائم ہوا جیسے برٹنڈ ریسل۔ آئن سٹائین۔ آپن ہائمیر۔ وولف گانگ پالی۔ سے ایک ملاقات کے دوران سلام نے جب دیکھا کہ وہ کس قدر خدا کی ہستی کے خلاف ہے تو سلام نے جواب دیا۔

خدا تعالیٰ پر ایمان کے بغیر انسان میں بعض بنیادی نقص پائے جانے کا احتمال ہوتا ہے۔ تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ وہ لوگ جو خدا پر یقین رکھتے ہیں ان میں قربانی دینے اور انسانیت کے لئے فائدہ مند کام کرنے کی اہلیت زیادہ ہوتی ہے بہ نسبت ان لوگوں کے جو دہریہ ہوتے ہیں۔

آئین سٹائن کے ساتھ پہلی ملاقات میں دونوں نے مذہب پر تبادلہ خیال کیا، ڈاکٹر سلام نے اس کے سامنے (دین حق) کے نظریہ توحید کی وضاحت کی پھر اس کے بعد دونوں میں گہرے دوستانہ تعلقات استوار ہو گئے۔

ڈاکٹر سلام کی روحانی اقدار اور صوفی ازم میں

گہری دلچسپی ان کو دوسرے بڑے سائنسدانوں سے ممیّز کرتی ہے۔امپیریئل کالج میں جب انہوں نے سب سے پہلا لیکچر دیا تو اس کا آغاز قرآن پاک کی آیت کی تلاوت سے کیا تھا۔آپ کے ایک شاگرد پروفیسر ایم جے ڈف (یونیورسٹی آف مشی گن) نے بیان کیا ’’کہ ان کے لیکچر مسحور کن ہوتے تھے،ان کے خیالات میں مشرقی صوفی ازم کی چاشنی ہوتی تھی جو انسان کو سوچنے پر مجبور کر دیتی کہ ان کی عبقریت کی تہ تک کیسے پہنچا جاسکتا ہے‘‘۔

ڈاکٹر سلام کہا کرتے تھے کہ وہ اپنے سائنسی آئیڈیاز کے لئے بطلیموس، برونو، گیلی لیو کے نظریات سے انسپریشن لیتے ہیں جنہوں نے کائنات کی ساخت اور ترتیب پر سوال اٹھائے اور پھر اس میں پوشیدہ کارفرما عوامل کو دریافت کیا۔انہوں نے بیان کیا کہ سائنسدان کے کئی روپ ہوتے ہیں جیسے صوفی۔ آرٹسٹ۔ یا دریافت کرنے والا۔ یہی وہ علمی وفنی روایتیں ہیں جنہیں بنیاد بنا کر (سائنسدان) اپنے سائنسی علم کو ایڈوانس کرتا ہے۔

پاکستان کے لئے خدمات

جنرل محمد ایوب خاں (سابق صدر پاکستان) کے سائنسی ایڈوائزر کے طور پر انہوں نے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کی بنیاد رکھی۔ڈاکٹر اشفاق (ڈائریکٹر پی اے ای سی 1998ء) پرانے ایام کی یاد تازہ کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں: ’’اس بات کا سہرا ڈاکٹر سلام کے سر پر ہے کہ انہوں نے پانچ صد فزسسٹ، ریاضی دانوں اور سائنسدانوں کے لئے ڈاکٹریٹ کرنے کا انتظام برطانیہ اور امریکہ کے بہترین تعلیمی اداروں میں کیا تھا‘‘۔انہوں نے پاکستان میں سائنٹیفک پلیٹ فارم بنانے کے لئے دن رات پوری دل لگی سے کام کیا۔انہوں نے پاکستان کو پیش نظر مسائل پر اظہار خیال کیا اور ان مسائل کا عملی حل بھی پیش کیا۔ 1961ء میں ڈھاکہ میں ہونے والی آل پاکستان سائنس کانفرنس میں انہوں نے غربت اور ناخواندگی تھرڈ ورلڈ میں ختم کرنے کے بارہ میں ٹھوس تجاویز پیش کیں۔انہوں نے شہریوں اور حکومت سے اپیل کی کہ وہ سائنٹیفک سیکٹر کی طرف زیادہ توجہ دیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان سے غربت ایک نسل کی مدت کے اندر اندر ختم کی جاسکتی ہے اگر حکومت اس ضمن میں ٹھوس کمٹ مینٹ کرے۔انہوں نے قرآن پاک کا حوالہ دیا کہ خدا کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ اس کو خود اپنی حالت کو بدلنے کی فکر دامنگیر نہ ہو۔

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (Pinstech) سینٹر فار نیوکلیئر ریسرچ (اسلام آباد) اور سپارکو (Suparco) کے قیام کے پیچھے بھی آپ ہی کا ہاتھ کارفرما تھا۔انہوں نے پنجاب میں سیم اور تھور کا حل محنت شاقہ کے ساتھ تلاش کیا جو پاکستان میں زراعت کے لئے ایک بہت بڑا مسئلہ تھا۔سلام نے اس سنگین مسئلہ پر بہت سارے مضامین لکھے جو امریکہ کی کانگریس میں پیش کئے گئے تھے۔ سلام کی درخواست پر امریکی صدر جان ایف کینیڈی نے امریکی ماہرین زراعت کی ایک ٹیم پاکستان بھیجی جن کی محنت شاقہ اور حکمت عملی سے (پنجاب میں) لاکھوں ایکڑ زرعی زمین ضائع ہونے سے بچ گئی۔

ڈاکٹر سلام نے دن رات نہایت جاں فشانی سے پوری لگن سے کام کیا کہ کسی طرح فزکس کا انسٹی ٹیوٹ کسی ملک میں قائم کرسکیں۔جیسا کہ لوگ جانتے ہیں پاکستان نے اس ضمن میں کسی دلچسپی کا اظہار نہ کیا بلکہ اس دور کے فنانس منسٹر مسٹر محمد شعیب نے صدر ایوب خان کو مشورہ دیا کہ پروفیسر موصوف سائنسدانوں کے لئے فائیو سٹار ہوٹل کھولنا چاہتے ہیں۔ڈاکٹر سلام نے دل برداشتہ ہو کر کئی ایک یورپی ممالک سے رابطہ قائم کیا۔ بالآخر ایسا سینٹر (انٹرنیشنل سینٹر فار تھیوریٹیکل فزکس) 1964ء میں اٹلی میں قائم ہوگیا۔سلام اس سینٹر کے تیس سال تک ڈائریکٹر رہے جس سے ترقی پذیر ممالک اور ترقی یافتہ ممالک کے درمیان سائنس کا ایک پل قائم ہوگیا۔سائنس رائیٹر رابرٹ وال گیٹ نے ڈاکٹر سلام کے بارہ میں کہا تھا ’’وہ ایک ایسا انسان ہے جس پر وقت لاگو نہیں ہوتا، وہ دو دنیاؤں اور دو سائنسی پرابلم میں بٹا ہوا ہے، یہ دنیا کے لئے نقصان ہے کہ وہ دو زندگیاں نہیں پاسکتا۔‘‘

1979ء میں ڈاکٹر سلام نے گرینڈ یونیفیکیشن تھیوری میں عالی شان ریسرچ کر کے فزکس کا نوبیل انعام جیت لیا۔اس تھیوری کے لئے ان کو انسپریشن ان کے مذہبی عقیدہ سے ملی کہ (فطرت کی تمام) قوتیں ایک ہی منبع سے نمود پذیر ہوتی ہیں۔ (لندن میں) اپنے گھر میں جب وہ گھنٹوں سائنسی ریسرچ میں مصروف ہوتے تھے تو ساتھ میں مطالعہ کے کمرے کے اندر نعت یا قرآن پاک کی تلاوت ٹیپ پر لگی ہوتی تھی۔نوبیل انعام وصول کرنے کی شاہی رسم کے موقعہ پر سلام نے اپنا قومی لباس زیب تن کیا ہوا تھا یعنی شیروانی، پگڑی اور کھسہ (پنجابی جوتا)۔اس موقعہ پر سلام نے اپنی تقریر کا آغاز تلاوت قرآن پاک کی آیات سے کیا:

نوبیل انعام جیتنے کے بعد سلام نے وطن عزیز کا دورہ کیا۔ایک موقعہ پر وہ ڈاکٹر عثمانی کے ہمراہ (کار) میں سفر کر رہے تھے تو سلام نے کہا کہ انہیں گورنمنٹ کالج لاہور جانا ہے۔ڈاکٹر عثمانی نے جواب دیا کہ اس وقت کالج میں تعطیلات ہیں اس لئے وہاں کوئی بھی نہ ہوگا۔ڈاکٹر سلام نے کہا: جس شخص سے مجھے ملنا ہے وہ شرطیہ طور پر وہاں ہوگا۔جب ان کی کار کالج کے قریب چند ورکرز کے پاس پہنچی تو ڈاکٹر سلام کار سے نکلے، ایک ملازم سے مصافحہ کر کے اسے سینے سے لگایا۔ڈاکٹر عثمانی نے اس پر تعجب کا اظہار کیا اور پوچھا کہ یہ کون ہے؟ ڈاکٹر سلام نے کہا اس محترم کا نام سیداں ہے جو نیو ہوسٹل کی کھانے کی میس میں سرونٹ ہے۔ جب میں یہاں طالب علم تھا وہ میرے کہنے پر میرے ہوسٹل کے کمرہ کو باہر سے تالا لگا دیا کرتا تھا اور میرا کھانا مجھے کھڑکی کے راستہ دیا کرتا تھا۔

اساتذہ کا احترام

جن لوگوں نے ڈاکٹر سلام کو ان کی زندگی میں کسی بھی رنگ میں مدد کی تھی انہوں نے ان کو کبھی فراموش نہ کیا۔ جب وہ کیمبرج میں لیکچرار تھے تو وہ مفلس یا ریٹائرڈ ہونے والے اپنے اساتذہ کو امدادی رقم بھجوایا کرتے تھے۔ وہ تمام اساتذہ کو عزت وتکریم کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔جب وہ بھارت کے سرکاری دورہ پر گئے تو انہوں نے تاکید کی کہ ان کے تمام ہندو اور سکھ اساتذہ جو ہجرت کر کے وہاں آباد ہو گئے تھے ان کو ایسے تمام فنکشن میں مدعو کیا جائے جو ان کی عزت افزائی کے لئے ترتیب دئے گئے تھے۔ڈاکٹر سلام کو 274 ایوارڈ، ڈگریاں اور انعامات دیئے گئے تھے جن میں اکثر کے ہمراہ خطیر رقم کے کیش ایوارڈ بھی ہوتے تھے۔انہوں نے انعامات میں ملنے والی تمام رقوم سے مستحق طلباء کے لئے سکالرشپ شروع کیا تا اس سے نادار افراد کی مدد کی جاسکے۔

بھارت کے دورہ کے دوران ان کا استقبال ہیرو کے طور پر کیا گیا۔ (وزیراعظم) اندرا گاندھی پر آپ کے رعب وجلال کا اس قدر اثر تھا کہ اس نے آپ کے برابر بیٹھنے سے انکار کر دیا بلکہ آپ کے قدموں میں فرش پر بیٹھی رہی۔انڈیا میں جب طلباء نے آپ سے سوال کیا کہ نوبیل انعام ملنے کے بعد آپ میں کیا تبدیلی آئی ہے تو آپ نے جواب دیا: ’’سب سے بڑی تبدیلی تو یہ آئی ہے کہ اب میں ان (ذی اثر) لوگوں سے مل سکتا ہوں جن سے میں ملنا چاہتا تھا، اور اب ان کی مدد سے اور خدائے تعالیٰ کی مہربانی سے میں اب تھرڈ ورلڈ کے بہت سارے ابھرتے ہوئے سائنسدانوں کی مدد کرسکتا ہوں۔اس کے ماسوا میرے لئے نوبیل انعام کوئی وقعت نہیں رکھتا۔‘‘

1988ء میں آپ کو لاہور میں فیض میموریل لیکچر دینے کے لئے مدعو کیا گیا۔اس تقریر کے متن سے آپ کی منکسرالمزاجی اور فطری حجاب کی واضح جھلک نظر آتی ہے۔آپ نے تسلیم کیا کہ فیض احمد فیض جو عشق اور حسن کی دنیا میں رہتا تھا اور جو اس کے ماحول میں چھایا ہوا تھا، اس کے مقابلہ میں میں جو خشک بے رنگین ایٹم کی دنیا کا مکین ہوں بہت کم تر انسان ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ قرآن مجید کا آٹھواں حصہ مسلمانوں کو تاکید کرتا ہے کہ وہ تفکر وتدبر کو اوڑھنا بچھونا بنائیں، سوال اٹھائیں اور فطرت کی قوتوں کو انسانیت کے فائدہ کے لئے مسخر کریں۔آپ نے فرمایا کہ فیض ایک ایسا جلیل القدر انسان تھا جس نے اس چیلنج کو قبول کیا جیسا کہ ہر مومن کو کرنا چاہئے۔ آپ نے روحانی شاعری اور سائنس میں مطابقت بیان کرتے ہوئے کہا کہ کس طرح دونوں ایک ہی نصب العین کی طرف لے جاتے ہیں تا خدائے کریم کی پیدا کردہ فطرت کے رازوں سے پردے اٹھائے جاسکیں۔ نیز شاعر اور سائنسدان دونوں کس طرح اسی منبع سے وجدان پاتے ہیں۔آپ نے مزید کہا کہ فیض اور مجھ میں ایک اور قدر مشترک یہ ہے کہ ہم دونوں اپنے ہی وطن میں ناقابل قبول انسان مانے جاتے ہیں۔

زندگی کا آخری حصہ جو آپ نے زیادہ تر برطانیہ میں گزارا۔جب آپ سے پوچھا گیا کہ آپ پاکستان آنے سے کیوں کتراتے ہیں؟ آپ نے اس کا نہایت سیدھا سادا، ایماندارانہ جواب یہ دیا کہ یہ پاکستان ہے جو مجھے واپس لینے میں کنی کتراتا ہے۔ڈاکٹر سلام کو کئی ممالک کی طرف سے شہریت کی پیش کش کی گئی، بشمول کویت اور اردن کے، ان ممالک نے بلکہ ان کو یونیسکو کے ڈائریکٹر جنرل کے لئے نامزد کرنے کا بھی کہا۔ (وزیراعظم) جواہر لال نہرو نے آپ کو دعوت دی کہ آپ بے شک اپنی طے شدہ شرائط پر ہمارے ملک میں ہجرت کر آئیں ہمیں تمام شرائط منظور ہوں گی۔ جب برطانیہ کی حکومت نے آپ کو مطلع کیا کہ کوئین ایلزبتھ آپ کو سر کا خطاب دینا چاہتی ہے تو آپ نے اس خطاب یعنی KBE (Knight Commander of British Empire) کو لینے سے انکار کر دیا کیونکہ یہ صرف برطانوی شہریت رکھنے والوں کو دیا جاتا ہے۔ (تاہم آپ کو اعزازی سر کا خطاب دیا گیا تھا، مترجم)۔ ڈاکٹر سلام تمام زندگی پاکستان کے معزز شہری رہے اور تن تنہا وطن عزیز کے لئے (علمی) جنگوں میں برسرپیکار رہے۔

پاکستان کے ایٹمی ادارہ PAEC کے سابق چیئرمین ڈاکٹر منیر احمد خاں نے نومبر 1997ء میں ڈاکٹر سلام کی وفات کے ایک سال بعد مندرجہ ذیل مدحیہ الفاظ کہے: ’’ہم پاکستانی چاہیں تو ڈاکٹر سلام کو فراموش کر دیں مگر دنیا ہمیشہ ڈاکٹر سلام کو یاد رکھے گی‘‘۔مشہور زمانہ صحافی جمیل الدین عالی نے ایک دفعہ اخبار میں مضمون لکھا جس کا عنوان کچھ یوں تھا مشرق کے دو نامور ہیرو پوری دنیا میں امام مانے جاتے ہیں۔ یہاں اس کا اشارہ ڈاکٹر سلام اور مدر ٹریسا کی طرف تھا۔ مدر ٹریسا کو عنقریب سینٹ ہوڈ کا لقب دے دیا جائے گا۔ اگرچہ پوری دنیا میں ڈاکٹر سلام کی یاد میں تزک واحتشام سے جلسے منعقد کئے جاتے ہیں، ان کے اپنے ملک میں ان کی عزت وعصمت تعصب اور بے پرواہی کے دبیز پردوں کے نیچے مدفون ہے۔ان کا نام سکول کی ٹیکسٹ بکس، اہم کتابوں اور معروف رسالوں سے خارج کیا جاچکا ہے۔ یہ بلاشبہ ہمارا اپنا ہی نقصان ہے۔ (دی فرائیڈے ٹائمز لاہور 19 ؍نومبر 2004ء)

درود شریف پڑھنے سے الٰہی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندراندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 49880 میں وقار احمد

ولد عبدالباسط قوم ساہی جٹ پیشہ دکان کی معاونت عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 84 ج ب سرشمیر روڈ ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 19-3-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد وقار احمد گواہ شد نمبر 1 خلیل احمد کلیم وصیت نمبر 35813 گواہ شد نمبر 2 عبدالرحیم وصیت نمبر 14384

مسل نمبر 49881 میں مظفر احمد ساہی

